Expulsion of two Pakistan High Commission Officials

May 31, 2020

پاکستان ہائی کمیشن کے دو عہدیداروں کی ملک بدری

31 مئی، 2020

نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن کے دو عہدیداروں کو جاسوسی کی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر بھارتی قانون نافذ کرنے والے حکام نے آج گرفتار کرلیا۔

حکومت نے ان دونوں عہدیداروں کو ایک سفارتی مشن کے ممبر کی حیثیت سے غیر موزوں سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے لئے نا پسندیدہ شخص قرار دیا ہے، اور ان سے چوبیس گھنٹوں کے اندر ملک چھوڑنے کو کہا ہے۔

پاکستان کے چارج ڈی افیئرس کو ایک ڈیمارچ جاری کیا گیا تھا جس میں بھارت کی قومی سلامتی کے خلاف پاکستان کے ہائی کمیشن کے ان عہدیداروں کی سرگرمیوں کے سلسلے میں سخت احتجاج درج کیا گیا تھا۔ پاکستان کے چارج ڈی افیئرس سے کہا گیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ اس کے سفارتی مشن کا کوئی بھی ممبر ہندوستان کے لئے نقصان دہ سرگرمیوں میں ملوث نہ ہو یا اس صورت میں برتاؤ نہ کرے جو ان کی سفارتی حیثیت سے میل نہ کھاتا ہو۔

نئی دہلی

31 مئی، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.